سوال

(270)جمعرات کو نماز مغرب میں سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص والی حدیث

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعرات کو نماز مغرب میں سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص والی حدیث کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے اوروہ مغرب کی نماز میں پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ (حافظ خالد محمود، رینالہ خورد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ دو سورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ مغرب کے بعد والی دو سنتوں 2 اور فجر کی سنتوں میں پڑھا کرتے تھے۔ [آپ صلی اللہ علیہ وسلمفجر کی سنتوں کی پہلی رکعت میں سورة الکافرون اوردوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھتے۔]3جمعرات کو مغرب کے فرضوں میں ان کا پڑھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ جو روایت پش کی جاتی ہے وہ معلول ہے۔ ۸ ۹ ۱۴۲۳ھ

3مسلم صلاۃ المسافرین باب استحباب رکعتی سنة الفجر

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد04